© rasailojaraid.com

# (۲)

نام کتاب : قرآن حکیم اور ہم

مصنف : ڈاکٹر اسرار احمد

ضخامت : ۴۹۶ صفحات، قیمت : اشاعت خاص (مجلد) 400 روپے' اشاعت عام (پیپر بیک) 250 روپے
ناشر: مکتبہ خدام القرآن' 36 کے' ماڈل ٹاؤن' لاہور

مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور ڈاکٹر اسرار احمد رحمہ اللہ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں گفتگو کا سلیقہ عطا کیا تھا' اس خداداد صلاحیت کو انہوں نے بھرپور استعمال کیا۔ قرآن حکیم کے ساتھ انہیں گہری وابستگی تھی۔ طالب علمی کے دور سے ہی انہوں نے درس قرآن کا آغاز کر دیا تھا۔ ان کا درس کمال کی جامعیت رکھتا تھا۔ چنانچہ ان کے دروس کو حد درجہ پذیرائی حاصل ہوئی۔ وہ جس موضوع پر بھی خطاب کرتے اس کا حق ادا کر دیتے۔ ڈاکٹر صاحب کے خطابات کا مرکز ومحور قرآن ہی ہوتا تھا۔ مختلف موضوعات پر اُن کے خطابات آڈیو/ویڈیو کیسٹس پر موجود ہیں' جو چھوٹے بڑے کتابچوں کی صورت میں شائع ہو چکے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب میں ڈاکٹر صاحب کے آٹھ ہر دلعزیز مقالات کو یکجا کر دیا گیا ہے۔ یہ مقالات خصوصی طور پر قرآن حکیم سے متعلق ہیں۔ ان مقالات کے قاری کو قرآن حکیم کی تعلیمات سے نہ صرف گہری واقفیت ہو جائے گی بلکہ عمل کا داعیہ بھی پیدا ہوگا۔ کتاب میں شامل مقالات کے عنوانات اس طرح ہیں:

(۱) دنیا کی عظیم ترین نعمت — قرآن حکیم
(۲) عظمتِ قرآن بزبانِ قرآن وصاحبِ قرآن
(۳) قرآنِ حکیم کی قوتِ تسخیر
(۴) تعارفِ قرآن مع عظمتِ قرآن
(۵) قرآن اور امنِ عالَم
(۶) مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق
(۷) انفرادی نجات اور اجتماعی فلاح کے لیے قرآن کا لائحہ عمل
(۸) جہاد بالقرآن اور اس کے پانچ محاذ

کتابوں اور کتابچوں کی صورت میں یہ مقالات ہزاروں کی تعداد میں شائع ہو کر دنیا کے کونے کونے میں پہنچ چکے ہیں۔ بعض کتابچے تو اس قدر مقبول ہوئے کہ کئی زبانوں میں ان کے ترجمے ہو چکے ہیں اور لاکھوں لوگ ان سے ہدایت یاب ہوئے ہیں۔ قرآن حکیم اسلامی تعلیمات کا اوّلین سرچشمہ ہے۔ اس لیے ہر مسلمان کے لیے ناگزیر ہے کہ وہ قرآن کریم کا فہم حاصل کرے۔ زیر نظر کتاب ''قرآن حکیم اور ہم'' اس مقصد کو پورا کرنے کا اہم ذریعہ ثابت ہوگی۔



© rasailojaraid.com